نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

19 مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

280/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

پاک امریکہ مشترکہ بیان

قومی سلامتی کے مشیر جنرل جیمز جونز اور سی آئی اے کے ڈائریکٹر لیون پینیٹا کا دوروزہ دورۂ پاکستان

اسلام آباد (19 مئی 2010ء) ___ امریکی قومی سلامتی کے مشیر جیمز ایل جونز نے بدھ کے روز صدر آصف علی زرداری سے ایوان صدر میں ملاقات کی۔ سی آئی اے کے ڈائریکٹر لیون پینیٹا، امریکی سفیر این پیٹرسن اور دیگر اعلیٰ حکام جنرل جم جونز کے ہمراہ تھے۔

پاکستان کی جانب سے جن افراد نے ملاقات میں شرکت کی اُن میں وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی، چیف آف آرمی اسٹاف جنرل اشفاق پرویز کیانی، اور خارجہ سیکریٹری سلمان بشیر شامل تھے۔

مفید بات چیت میں پاک امریکہ تعلقات، خطہ میں سلامتی کی صورتحال، دہشت گردی کا مشترکہ خطرہ اور انتہا پسندی کے خلاف لڑائی اور امریکہ پاک تزویراتی بات چیت کا احاطہ کیا گیا۔ جنرل جونز نے پاکستان کے ساتھ پائیدار تزویراتی شراکت داری قائم کرنے کے امریکی عزم کا اعادہ کیا جس میں پاکستانی عوام کے لئے اقتصادی مواقع پیدا کرنے کی کوششیں بھی شامل ہیں۔ بات چیت میں واشنگٹن میں ہونے والی حالیہ تزویراتی مذاکرات میں زیر بحث متعدد امور پر پیش رفت کا جائزہ لینے کا بھی موقع ملا۔ فریقین نے دونوں ملکوں کے مابین وسیع تر معاملات بشمول تجارت، اقتصادی نمو و ترقی کے بارے میں تعلقات کو مستحکم کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ فریقین نے اپنے مشترکہ مفادات کے فروغ اور پاکستانی اور امریکی عوام کو ایک بہتر اور زیادہ محفوظ مستقبل فراہم کرنے کے لئے وقتاً فوقتاً رابطوں اور اعلیٰ سطح کی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ عسکریت پسندی اور دہشت گردی مشترکہ دشمن ہیں اور اس خطرہ کا مقابلہ کرنے کے لئے دونوں ملکوں کے درمیان موجود مضبوط تعاون کو جاری رہنا چاہیئے۔ جنرل جونز اور ڈائریکٹر لیون پینیٹا نے ٹائمز اسکوائر پر دہشت گردی کے واقعہ کے سلسلہ میں جاری تازہ ترین تحقیقات سے آگاہ کیا۔ جنرل جونز نے انتہا پسندوں سے نبرد آزما ہونے کی کوششوں میں امریکہ کو ملنے والے پاکستان کی جانب سے تعاون اور پاک فوج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور عوام کی جانب سے دی جانے والی قربانیوں کی کو خراج تحسین پیش کیا۔ مذاکرات میں دہشت گردوں کی جانب سے درپیش مشترکہ خطرے، اور مستقبل میں حملوں کی روک تھام کے لئے دونوں ممالک کی جانب سے کئے جانے والے موجودہ اور آئندہ اقدامات کا احاطہ کیا گیا۔ فریقین نے اپنے شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے اپنی کوششیں تیز تر کرنے، تعاون بڑھانے، اور ہر ممکن اقدامات کرنے کا عہد کیا۔ صدر زرداری نے کہا کہ پاکستان امریکہ کے ساتھ ایسے دیرپا، کثیر الجہتی اور پائیدار تعلقات کا خواہاں ہے جس پر کوئی بھی واقعہ منفی طور پر اثر انداز نہ ہو سکے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3